نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,
E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر کھادوں کی بلیک مارکیٹنگ اور مقررہ نرخوں سے زائد قیمتوں پر فروخت کے خلاف صوبہ بھر میں کریک ڈاؤن جاری

لاہور20 نومبر2026: وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر کھادوں کی بلیک مارکیٹنگ، ذخیرہ اندوزی اور مقررہ نرخوں سے زائد قیمتوں پر فروخت میں ملوث عناصر کے خلاف صوبہ بھر میں کریک ڈاؤن جاری ہے۔ محکمہ زراعت پنجاب کی جانب سے کھادوں کی مقررہ نرخوں پر دستیابی یقینی بنانے اور کاشتکاروں کو ناجائز منافع خوری سے محفوظ رکھنے کے لیے ڈیلرز کی انسپیکشن اور فیلڈ میں نگرانی کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری ہے۔

ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق اب تک صوبہ بھر میں 202 ڈیلرز کی انسپیکشن کی جا چکی ہے، 6 چھاپے مارے گئے ہیں۔ خلاف ورزی پر 4 لاکھ 37 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا اور 6 ایف آئی آرزکا اندراج عمل میں لایا جا رہا ہے۔ ان کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 54 ہزار کلوگرام سے زائدکھاد بھی ضبط کی گئی جس کی مالیت 58 لاکھ سے زائد ہے۔

ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ کھادوں کی بلیک مارکیٹنگ، ذخیرہ اندوزی یا مقررہ نرخوں سے زائد قیمتوں پر فروخت سے متعلق شکایات اپنے متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر یا محکمہ زراعت پنجاب کی ہیلپ لائن 0800-17000 پر درج کروائیں۔

****